عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز اتوار یکم نومبر 2026ء/ 20 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 214

یو ایم ٹی لاہور کا بلوچستان کے طلبہ کیلئے 10 کروڑ کی اسکالرشپس کا اعلان

چیئرمین یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد نے کانووکیشن میں اعلان کیا، اسکالرشپس سے بلوچستان کے مستحق اور باصلاحیت طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں معاونت ملے گی، کوئٹہ میں خصوصی تربیتی مرکز بھی بنایا جائے گا

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے اعلان کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا یو ایم ٹی کا تعاون بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے اہم تعلیمی موقع ہے، یہ اقدام بین الصوبائی تعلیمی تعاون اور قومی یکجہتی کیلئے مثبت پیش رفت ہے

لاہور (خ ن) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) لاہور نے بلوچستان کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم اور جدید تربیت کے مواقع فراہم کرنے کے لیے 10 کروڑ روپے کی اسکالرشپس دینے کا اعلان کیا ہے، جبکہ کوئٹہ میں طلبہ کے لیے اسٹڈی سینٹر اور خصوصی تربیتی مرکز بھی قائم کیا جائے گا۔ یہ اعلانات یو ایم ٹی لاہور کے چیئرمین وصدر ابراہیم حسن مراد نے ہفتہ کو یونیورسٹی کے کانووکیشن کے موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

امریکی نائب صدر کی محسن رضائی سے براہ راست ملاقات کی پیشکش

ٹرمپ ایران کے ساتھ تنازع لامتناہی جنگ میں تبدیل نہیں ہونے دیں گے، جے ڈی وینس

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایرانی قومی سلامتی کے سربراہ محسن رضائی سے براہ راست ملاقات کی پیشکش کی ہے۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے امریکی عہدیدار کے حوالے سے رپورٹ میں (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

مولانا صاحب کی تقریر میں بعض الفاظ ادا نہ ہوتے تو بہتر تھا، بیرسٹر گوہر

بیرونی انتشار کا پوری قوم مل کر مقابلہ کرتی ہے، اندرونی انتشار ملک کو زیادہ نقصان پہنچاتا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ مولانا صاحب کی تقریر میں بعض الفاظ ادا نہ ہوتے تو بہتر تھا، ان کی تقریر کے جواب میں جس طرح حملے کیے گئے وہ بھی نامناسب ہیں۔ اسلام آباد میں (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

گوادر کے ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر کے معاملات حل کرنے پر اتفاق

ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن کی ڈی جی ڈی اے سے ملاقات، شہری مسائل پر تبادلہ خیال

گوادر (خ ن) ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن نے ڈائریکٹر جنرل (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

ریاست مسلح افواج اور شہدا پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا، طلال چوہدری

دہشتگردوں کی مذمت اور ان کیخلاف کارروائیوں میں انہیں ہمارے ساتھ کھڑا ہونا پڑیگا ہماری صرف یہی شرط ہے کہ دہشتگرد کو دہشتگرد کہا جائے

مولانا فضل الرحمان سے کسی کی ذاتی لڑائی نہیں انہیں اپنی متنازع باتیں واپس لینا ہوں گی، وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کا کہنا ہے کہ ریاست، مسلح افواج اور شہدا کے معاملے پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔ مولانا فضل الرحمان نے جو متنازع باتیں کی ہیں، انہیں واپس لینا ہوں گی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں وزیر مملکت طلال (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

پاکستان کے ساتھ ترقیاتی تجربات بانٹنا اولین ترجیح ہے، چینی سفیر

چین کی غربت کے خاتمے میں کامیابی ہدفی اقدامات کا نتیجہ ہے، جیانگ زیڈونگ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ نے کہا ہے کہ چین نے عوام کو مرکز نگاہ بنا کر غربت کے خاتمے میں تاریخی کامیابی حاصل کی ہے، جس (باقی صفحہ 2 نمبر 8)



لاہور، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی کے کانووکیشن میں فارغ التحصیل طلبہ کو ڈگریز دے رہے ہیں

مولانا مشکل وقت میں لیگ کیساتھ کھڑے ہوئے ہیں، رانا ثناء

سیاسی جماعتوں کے درمیان اس طرح کی صورتِ حال پیدا ہو جاتی ہے، اس میں پریشانی کی بات نہیں، پارٹی میں یہی کوشش ہوگی کہ تلخ کلامی کو روکا جائے

28 ویں ترمیم کا مسودہ ابھی تک فائنل نہیں ہوا، 28 ویں ترمیم جب پارلیمنٹ میں آئے گی تو اس پر بحث ہوگی، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان مشکل وقت میں مسلم لیگ ن کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں۔ نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

محسن نقوی شی میل کی طرح چلتے ہیں، لیڈر کے بارے میں بولنے والے کو جواب تو ملے گا، کامران مرتضیٰ

میرے لیڈر کے بارے کوئی اگر الفاظ بولے گا تو اس کو جواب تو ملے گا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام کے سینئر رہنما سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ وزیر داخلہ محسن نقوی بارے میں نے شی میل کا لفظ استعمال نہیں کیا، میں نے وزیر داخلہ محسن نقوی کے بارے میں کہا جب وہ چلتا ہے تو شی میل کی طرح چلتا ہے۔ اسلام آباد (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بلوچستان کے مسائل کا حل بندوق نہیں بلکہ تعلیم اور جمہوری عمل ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کو اس وقت تین بڑے چیلنجز کا سامنا ہے جن میں تشدد کو جائز قرار دینے والا بیانیہ، مسلح دہشت گردی اور سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی شامل ہیں، میر سرفراز بگٹی



لاہور، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی کے کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کے لیے ہماری وفاداری غیر مشروط ہے، بلوچستان کا مقدمہ اور یہاں کے عوام کے حقیقی مسائل اجاگر کرنے کے نام پر بعض حلقوں کی جانب سے کنفیوژن اور گمراہ کن بیانیہ پھیلایا جا رہا ہے۔ بلوچستان کو اس وقت تین بڑے چیلنجز کا سامنا ہے جن میں تشدد کو جائز قرار دینے والا بیانیہ، مسلح دہشت گردی اور سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی شامل ہیں۔ دہشت گرد بلوچستان کا انفراسٹرکچر تباہ کر رہے ہیں اور معصوم پاکستانیوں کو قتل کر رہے ہیں، کسی بھی محرومی یا سیاسی اختلاف کو تشدد کا جواز نہیں بنایا جا سکتا۔ بلوچستان کے مسائل کا حل بندوق نہیں بلکہ تعلیم، مکالمے، سیاسی عمل اور جمہوری رویوں میں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو لاہور میں یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ ہماری وفاداری غیر مشروط ہے اور بلوچستان کے عوام بھی اس ملک کے برابر کے شہری ہیں۔ صوبے کے حقیقی مسائل، احساس محرومی اور ترقیاتی ضروریات کو سمجھنا (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

عوامی مسائل حل کرنا مسلم لیگ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سلیم کھوسہ

بھارت اپنے مذموم مقاصد استعمال کر کے حالات خراب کرنے کے لیے سازشوں میں مصروف ہے سازشیں نہ پہلے کامیاب ہوئے اور نہ آئندہ کامیاب ہوں گے، وزیر مواصلات

بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کرنا موجودہ حکومت کی جدوجہد کا نتیجہ ہے آنے والے وقت میں بلوچستان ایک خوشحال اور پرامن صوبہ بن کر مثال بنایا جائے گا، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ عوامی مسائل حل کرنا مسلم لیگ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کرنا موجودہ حکومت کی جدوجہد کا نتیجہ ہے آنے والے وقت (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کا وفاقی حکومت سے مذاکرات کی حمایت کا فیصلہ

اجلاس میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ وفاقی حکومت سے مذاکرات کے ذریعے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو واپس لینے کی راہ ہموار کی جائے

اجلاس میں بعض ارکان نے تجویز دی کہ علی امین گنڈاپور کو وفاقی حکومت کے ساتھ مذاکراتی عمل کا حصہ بنایا جائے، پی ٹی آئی ذرائع

پشاور (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کی صوبائی پارلیمانی پارٹی نے گورنر راج اور ایمرجنسی سمیت دیگر معاملات کے حل کے لیے وفاقی حکومت سے مذاکرات کی حمایت کر دی۔ ذرائع کے مطابق پشاور میں پی ٹی آئی کی صوبائی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوا، جس میں سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور سمیت 40 سے زائد ارکان اسمبلی نے شرکت کی۔ اجلاس میں بیرسٹر گوہر، نورالحق قادری بھی شریک ہوئے۔ پارلیمانی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

پاسپورٹ فیس کی مد میں 5 سالوں میں اربوں روپے وصول کیے گئے

پاسپورٹ فیس میں کمی کی کوئی تجویز زیر غور نہیں، وزارت داخلہ کا سینیٹ میں تحریری جواب

اسلام آباد (جی این ایم) وزارت داخلہ نے ایوان بالا کو بتایا ہے کہ پاسپورٹ فیس میں کمی کی کوئی تجویز زیر غور نہیں، گزشتہ پانچ سال کے دوران پاسپورٹ فیس کی مد میں 219 ارب 93 کروڑ 10 لاکھ روپے وصول کیے گئے۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس سینیٹر شہادت اعوان کی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اکبر ایس بابر کا پارلیمنٹ میں موجود جماعتوں کی فنڈنگ کی تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن بنانے کا مطالبہ

پی ٹی آئی فارن فنڈنگ کیس کے فیصلے پر مکمل عملدرآمد میں کیا رکاوٹیں حائل ہیں؟، بانی رہنما

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی کے بانی رہنما اکبر ایس بابر نے سپریم کورٹ کے جج کی سربراہی میں عدالتی کمیشن کی تشکیل اور پارلیمنٹ میں موجود تمام پاپولر جماعتوں کی فنڈنگ کی تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا میں حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ سپریم کورٹ کے جج کی سربراہی میں عدالتی انکوائری کمیشن قائم کیا جائے جو تحقیقات کرے کہ پی ٹی آئی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

مولانا صاحب ہوش کے ناخن لیں، جو کڑی ملا رہے ہیں وہ ٹھیک نہیں، ثمر بلور

جھنجلاہٹ اس لئے ہے مولانا کے ساتھ ملاقات اور مشورے کوئی نہیں لے رہا، ممبر ایڈوائزری کونسل پختونخوا

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا ایڈوائزری کونسل کی ممبر مشیر اطلاعات ثمر بلور نے کہا ہے کہ مولانا صاحب کی ہم عزت کرتے ہیں لیکن جو کڑی ملا رہے ہیں وہ ٹھیک نہیں، مولانا صاحب ہوش کے ناخن لیں۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ثمر بلور نے کہا کہ مولانا میں جو غصہ پایا جا رہا ہے وہ انتہائی عجیب ہے، مولانا کا غصہ ان کا پی ڈی ایم کے دور میں کرپشن میں ملوث (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ملک بھر میں بی آئی ایس پی سے ساڑھے 22 لاکھ خواتین خارج

کوئٹہ (جی این ایم) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تحت ملک بھر میں مالی معاونت حاصل کرنے والی لاکھوں (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

پی پی ایل کے دفاتر کی منتقلی کا فیصلہ انتظامی و مالی ضروریات کے تحت کیا جا رہا ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) کے دفاتر کی منتقلی کے معاملے کو صوبائیت کی نظر سے نہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 31)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار اور سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن کا مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈی جی زراعت انجینئر محبوب بلوچ کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، صادق بنگلزئی


محکمہ زراعت کی ترقی اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے ان کی کوششیں قابلِ قدر ہیں، مشترکہ بیان

کوئٹہ (جی این ایم) صادق بنگلزئی اور اسرار دینارزئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ڈی جی زراعت انجینئر محبوب بلوچ محکمہ زراعت کی بہتری اور ترقی کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کی ترقی، کسانوں کے مسائل کے حل اور زراعت کے شعبے کو مزید بہتر بنانے کے لیے مثبت اقدامات اور باہمی تعاون ضروری ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

گوادر میں دو دہائیوں کے دوران 253 کلومیٹر سڑکیں تعمیر

پانی، سیوریج، کھیلوں، پارکس اور شہری سہولیات کے متعدد منصوبے مکمل

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت بلوچستان کے ترقیاتی وژن کے تحت ادارہ ترقیات گوادر کی نگرانی میں گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے کے دوران گوادر کی تعمیر و ترقی، جدید شہری منصوبہ بندی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف شعبوں میں نمایاں اقدامات کیے ہیں۔ ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی، پانی کی فراہمی، سیوریج و نکاسی آب، کھیلوں کے میدان، پارکس، سرکاری عمارتیں، ساحلی تحفظ، ماہی گیری کی سہولیات، تاریخی ورثے کی بحالی، تجہیز کاری اور اسٹریٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل پولیس اکیڈمی میں گارڈ آف آنرز کا معائنہ کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے خیبر پختونخوا میں امن و امان کیلئے کچھ نہیں کیا، امیر مقام

خیبر پختونخوا میں صحت اور تعلیم سمیت کسی شعبے میں عملی کام نظر نہیں آ رہا، گزشتہ حکومت نے خود بھی کرپشن کی اور دوسروں کو بھی دعوت دی

پاک فوج کے جوان ہر محاذ پر اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، دنیا میں لگی آگ بجھانے میں بھی پاک فوج کردار ادا کر رہی ہے، وفاقی وزیر

پشاور (جی این ایم) وفاقی وزیر امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے 13 سال جھوٹ پر مبنی تھے، گزشتہ 13 سال صوبے کے لیے انتہائی تاریک دور تھے، سابق حکومت نے امن و امان کے قیام کے لیے کچھ نہیں کیا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر امیر مقام کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں صحت اور تعلیم سمیت کسی شعبے میں عملی کام نظر نہیں آ رہا، گزشتہ حکومت نے خود بھی کرپشن کی اور دوسروں کو بھی دعوت دی، عوام کے پیسوں اور ان کا حساب کتاب کرنا ہوگا، نئے نئے سکینڈلز سامنے آ رہے ہیں، لوٹ کھسوٹ کرنے والوں کو عدالتوں سے بھی ریلیف نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا نوگوایریا بنتا جا رہا ہے، صوبے کے عوام نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا، پی ٹی آئی کو ووٹ دینے والے بھی محب وطن پاکستانی ہیں لیکن ایک مخصوص (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ روس کیلئے تیاریوں کا آغاز

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف دسمبر میں بڑے تجارتی وفد کے ہمراہ روس کا دورہ کریں گے، جس کے لیے تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

انگوراڈہ میں پاک فوج کی جوابی کارروائی، طالبان کی کئی چوکیاں تباہ، متعدد ہلاک

اسلام آباد (جی این ایم) پاک فوج نے انگوراڈہ میں افغان طالبان کی بلا اشتعال فائرنگ کا بھرپور جواب دیا ہے جس کی (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

کوئٹہ، گائی خان چوک پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، دو بھائی جاں بحق

مسلح ملزمان فائرنگ کے بعد فرار، پولیس کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا، تحقیقات کا آغاز

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے گائی خان چوک پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ ان کا بھائی شدید زخمی ہو گیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کا یہ افسوسناک واقعہ گائی خان چوک کے قریب پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح افراد نے دو بھائیوں کو نشانہ بنایا اور اندھا دھند فائرنگ (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

کوئٹہ، 2 نومبر سے انسداد پولیو مہم شروع ہوگی، 4 لاکھ 29 ہزار بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

مہم کے لیے 1600 ٹیمیں تشکیل، 1800 سیکیورٹی اہلکار تعینات ہوں گے، ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او)، نیشنل ای او سی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیو مہم کے مجموعی اہداف، سیکیورٹی انتظامات، مائیکرو پلان، ٹیموں (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

ایل پی جی نرخ نئی بلندیوں پر، سردیوں میں بجلی کے بل بھی مزید بڑھنے کا خدشہ

اسلام آباد (جی این ایم) سردیوں کی آمد کے ساتھ ہی بجلی صارفین کے لیے ایک نئی پریشانی سامنے آ گئی۔ سردیوں میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے ساتھ قیمت بھی بڑھنے کا امکان ہے۔ پاور ڈویژن ذرائع کا کہنا ہے کہ پانی کی (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

افغانستان میں پوست کی کاشت میں 4 گنا سے زیادہ اضافہ ہو گیا، اقوام متحدہ

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ طالبان کی جانب سے پابندی کے باوجود افغانستان میں افیون کے لیے پوست کی کاشت میں 4 گنا سے بھی زیادہ اضافہ ہو گیا (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

اوستہ محمد میں مہنگائی کے خلاف انتظامیہ متحرک، بازاروں کا معائنہ

سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت، زائد قیمتیں وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا اعلان

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایت کے تحت تحصیلدار اُستا محمد گامن خان بوہڑ نے مقامی بازار کا دورہ کیا اور مختلف دکانوں پر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں ان کے معیار اور دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران انہوں نے سبزیوں، پھلوں، گوشت، آٹا، چینی، دالوں، گھی، خوردنی تیل اور روزمرہ استعمال کی دیگر ضروری اشیاء کے نرخ چیک کیے اور دکانداروں کی جانب سے سرکاری طور پر جاری کردہ نرخنامے پر عملدرآمد کا معائنہ کیا اس (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

اور ماڑہ میں صحت اور تعلیم کے اداروں کی کارکردگی کا جائزہ

اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور برکت کا ہڈ میں بنیادی مرکز صحت اور اسکول کا دورہ

اور ماڑہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر اور ماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت نے گاؤں ہڈ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بنیادی مرکز صحت اور گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول ہڈ کا معائنہ کیا جہاں پر انہوں نے دونوں اداروں میں عملے کی حاضری، دستیاب بنیادی سہولیات اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی کی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

ہمیں کسی سے حب الوطنی کا سرٹیفکیٹ لینے کی ضرورت نہیں، مولانا عبدالغفور حیدری

اسلام آباد (جی این ایم) سیکریٹری جنرل جمعیت علماء اسلام مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا ہے کہ ہم نیناز بیا جملہ کہا لیکن اگر ماں کے فرائض ریاست کو یاد دلائیں تو اس سے سخ ماہوتے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کوئٹہ میں انسداد پولیو مہم کا افتتاح، والدین سے بھرپور تعاون کی اپیل

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے بچی کو حفاظتی قطرے پلا کر 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

ملک خصوصاً بلوچستان کے عوام سنگین مسائل سے دوچار ہیں، مولانا واسع

اقتدار کی مجبوریوں میں مخالفین پر الزامات لگانے سے نہ عوامی مسائل حل ہوں گے اور نہ ہی حکمرانوں کی ساکھ بحال ہو سکے گی

سیاست میں عزت کا راستہ سچائی اور عوامی خدمت سے گزرتا ہے، الزام تراشی سے نااہلی پر پردہ نہیں ڈالا جا سکتا، آغا محمود شاہ

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے گزشتہ روز اپنی رہائش گاہ پر علما کرام، قبائلی عمائدین اور مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے سنجیدہ، مدلل اور قومی مفاد پر مبنی سیاسی مؤقف پر غور کرنے اور ان کی تجاویز کا حقیقت پسندانہ جواب دینے کے بجائے بعض مخزہ صفت اور عوامی تائید سے محروم وزرا کی جانب سے کردار کشی، ذاتی حملوں اور غیر (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

کوئٹہ، کم عمر لڑکوں کے بلیک میلنگ اور جنسی استحصال میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

تھانہ برروری کی کارروائی، سوشل میڈیا کے ذریعے ویڈیوز بنانے والے گروہ کا سراغ لگا کر مقدمہ درج


کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کم عمر لڑکوں کو مبینہ طور پر بلیک میل اور جنسی استحصال کا نشانہ بنانے والے 3 رکنی گروہ کو گرفتار کر لیا ہے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیا مندوخیل، ایس پی صدر شفقت جنجوعہ اور ڈی ایس پی صدر سرکل شوکت جدون کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ برروری نصیب اللہ ناصر نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے تینوں ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان میں عامر (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

خاران فورسز نے ڈرون حملے کی کوشش ناکام بنا دی، 5 ڈرون تباہ

فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں نے خاران کے علاقے البٹ میں قائم چیک پوسٹ کو ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنانے کی کوشش کی

البٹ چیک پوسٹ کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام، کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا فتنہ الہندوستان کا ڈرون حملہ ناکام، فورسز کا بروقت اور موثر ردِعمل

خاران (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع خاران میں سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کی جانب سے ڈرون حملے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے پانچوں ڈرونز کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے تباہ کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق واقعے میں کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں نے خاران کے علاقے البٹ میں قائم چیک پوسٹ کو ڈرونز کے ذریعے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل پولیس اکیڈمی میں کمانڈنٹ سعد اختر وان اور بلوچستان پولیس کے تربیت مکمل کرنے والے ڈی ایس پیز اور اکیڈمی کے افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

کوئٹہ سے شارجہ جانے والی ایئر عربیہ کی پرواز بڑے حادثے سے بال بال بچ گئی

ٹیک آف کے دوران دونوں انجن بند، جہاز رن وے کے آخری سرے پر رک گیا

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے شارجہ جانے والی ایئر عربیہ کی پرواز ٹیک آف کے دوران مبینہ طور پر دونوں انجنوں میں اچانک فنی خرابی پیدا ہونے کے باعث بڑے حادثے سے بال بال بچ گئی، جہاز تیزی سے رن وے پر دوڑنے کے بعد اڑنے کے بجائے جھٹکے کھاتے ہوئے رن وے کے آخری حصے میں رک گیا۔ واقعے کے بعد پرواز منسوخ کر کے تمام مسافروں کو آف لوڈ کر دیا گیا، جبکہ انتظامیہ کی جانب سے پرواز کو اب کل صبح روانہ کیے جانے کا بتایا (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
RIO/27/353
قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

کراچی کے عوام اور چھوٹے صوبوں کے قیام

ملک کے دیگر شہروں کی طرح کراچی کے عوام بھی چھوٹے صوبوں کے قیام کے حق میں بول پڑے۔ مسلسل بڑھتی آبادی اور انتظامی امور کی بہتری کے لیے عوام نے نئے انتظامی یونٹس کے قیام کو ناگزیر قرار دیدیا۔ کراچی کے شہریوں کا نئے انتظامی یونٹس کے قیام کی حمایت کرتے ہوئے کہنا تھا کہ پورے پاکستان بالخصوص سندھ میں نئے صوبے اور انتظامی یونٹس بننے چاہئیں ملک کے معاشی حب کراچی کے شہری پانی اور گیس جیسی بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ کراچی سمیت سندھ بھر میں نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ عوام کا کہنا تھا کہ کراچی میں ٹوٹی سڑکوں اور کھلے گٹروں کے باعث روزانہ حادثات پیش آ رہے ہیں کراچی کی رونقیں بحال کرنے، ٹریفک اور انتظامی امور بہتر بنانے کے لیے نیا نظام ضروری ہے موجودہ صوبائی حکومت کراچی کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکی ہے۔

شعوری بیداری اور پاکستان

ازقلم/// غلام رسول بلوچ

تعلیمی میدان میں کامیابیوں اور اس کی عملی میدان میں نفاذ سے کامیابیوں کا سفر شروع ہوسکتا ہے۔ تعلیمی لحاظ سے بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں حکومتی سطح پر بھرپور کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح کے پی کے اور ملک کے دیگر علاقوں میں بہترین تعلیمی ادارے اور بہترین اساتذہ کی زیر نگرانی کام کر کے قوم کے نونہالوں کو بہتر مستقبل کی امید دلائی جا سکتی ہے۔ بلوچستان سے مقابلے کے امتحانات میں نوجوان طالبات اور طلباء آگے آ رہے ہیں جو کہ ایک مثبت اپروچ ہے۔ اقصیٰ میروانی جو کہ آواران سے تعلق رکھتی ہیں وہ اس کی زندگی مثال ہیں کہ وہ عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندگی ماحولیاتی حوالے سے کر رہی ہیں۔ سیڈی بہت ساری مثالیں ہیں جن میں قوم کی بیٹیوں نے ملک کا نام روشن کیا ہے۔ لسبیلہ میں کمشنر خاتون ڈی سی لسبیلہ خاتون اے سی کنراج بھی خاتون ہیں اس سے پہلے ضلع حب کی ڈپٹی کمشنر بھی خاتون تھیں۔ بلوچستان اور ملک کے طول و عرض میں خواتین کی انتظامی اعلیٰ عہدوں پر تعیناتیاں ظاہر کرتی ہیں کہ پاکستان میں تعلیمی شعور کی کمی نہیں ہے۔ مہ جبین عمرانی عائشہ زہری نے اپنی صلاحیتوں سے اپنا ایک مقام بنایا ہے اس طرح کی بہت ساری مثالیں ہیں۔ بلوچستان سے شاہ زیب رند عالمی سطح پر پاکستان کا باکسنگ میں نام روشن کر رہے ہیں۔ کراٹے اور تائیکوانڈو میں بلوچستان سے خواتین کی موثر نمائندگی پاکستان کے مثبت امیج کی پہچان ہیں۔ بلوچستان کے نوجوان بھی مقابلے کے امتحانات کے ذریعے اعلیٰ انتظامی عہدوں پر تعینات ہو کر ملک کی خدمت کر رہے ہیں۔ پاکستان بھر سے کے پی کے سمیت نوجوان نسل ابھر کر سامنے آ رہی ہے۔ پاکستان دنیا میں وہ ملک ہے جس کی یوتھ آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا تقریباً 65 فیصد بنتی ہے جو کہ ایک اچھی بات ہے۔ تشویشناک پہلو یہ ہیکہ ملک میں اسپانسرڈ دہشت گردی جو کہ بھارت کروا رہا ہے افغانستان کی سرزمین سے پاکستان میں امن و امان کی صورتحال کو چیلنج کر کے عدم استحکام کا شکار کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں۔ ہمارے قومی سلامتی کے ادارے اور بالخصوص افواج پاکستان دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں اور دہشتگردی کے خلاف بھرپور کاروائیاں کر رہی ہیں۔ نوجوان آفیسرز اور جوانوں کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہادتیں ملکی بقاء اور سلامتی کے لیے ہیں اللہ تعالیٰ ان شہداء کے درجات بلند فرمائے اور انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے آمین، تمام شہداء قابل تحسین اور قابل تکریم ہیں بجا طور پہ قوم ان پر فخر کرتی ہے۔ افسوسناک امر یہ بھی ہے کہ قوم کی بیٹیوں کو منفی پروپیگنڈے اور جھوٹے بیانیوں کے ذریعے گمراہی کی طرف دھکیل کر دہشت گردی کی جنگ کا ایندھن بنایا کا رہا ہے۔ نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کا دہشت گردی میں استعمال مذہبی، قومی، علاقاء روایات اور اخلاقیات کی بدترین مثال ہے۔ قومی شعور اور تعلیمی شعور سے دوری کے سبب بہت ساری خواتین اور لڑکے دہشت گردی کی جنگ میں استعمال ہو رہے ہیں۔ والدین اپنے بچوں پر نظر رکھیں۔ بالخصوص بلوچستان میں اور کے پی کے میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی دہشت گرد وارداتوں میں قوم کی بیٹیوں اور بیٹوں کا استعمال کرنے والے شرپسند عناصر پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں۔ قوم تعلیمی اور شعوری بیداری کے ساتھ قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرے اور ملکی سلامتی کے لیے اپنے قومی اداروں کے ہاتھ مضبوط کریں۔ گمراہ کن پروپیگنڈوں اور جھوٹے بیانیوں کو مسترد کریں، اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی و ناصر ہو آمین

بلوچستان تمہاری جنگ کا میدان نہیں، ہمارے بچوں کا مستقبل ہے!



مشاہدہ
آغا سید حیدر شاہ
hoonroot90@gmail.com

تحریر: آغا سید حیدر شاہ

بلوچستان کسی جنگ کا میدان نہیں، یہ لاکھوں انسانوں کا گھر، کروڑوں خوابوں کی امانت اور آنے والی نسلوں کا مستقبل ہے۔ یہ وہ سرزمین ہے جہاں ایک ماں اپنے بچے کو ڈاکٹر، انجینئر، استاد، سائنس دان اور کامیاب انسان بنتے دیکھنا چاہتی ہے، جہاں ایک باپ اپنے بیٹے کے ہاتھ میں بندوق نہیں بلکہ قلم، کتاب اور لیپ ٹاپ دیکھنے کا خواب رکھتا ہے، جہاں ایک طالب علم یونیورسٹی کی ڈگری حاصل کرکے اپنے خاندان اور معاشرے کا سہارا بننا چاہتا ہے۔ لیکن افسوس کہ بلوچستان کے نام پر جاری مسلح سرگرمیوں نے اس سرزمین کے امن، ترقی اور نوجوانوں کے مستقبل کو سنگین چیلنج سے دوچار کر رکھا ہے۔ آج سوال صرف یہ نہیں کہ بلوچستان میں تشدد کیوں ہو رہا ہے، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ اس تشدد کی قیمت کون ادا کر رہا ہے؟ کیا بی ایل اے اور بی ایل ایف کے مسلح راستے سے عام بلوچ نوجوانوں کی زندگی بہتر ہوئی؟ کیا کسی طالب علم کو تعلیم ملی؟ کیا کسی بے روزگار نوجوان کو روزگار ملا؟ کیا کسی غریب خاندان کے معاشی مسائل حل ہوئے؟ اگر ان سوالات کا جواب تلاش کیا جائے تو واضح ہوگا کہ تشدد کا سب سے بھاری بوجھ عام عوام، غریب خاندانوں، مزدوروں، طلبہ اور آنے والی نسلوں کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ بلوچستان کے عوام کے مسائل حقیقی ہیں اور ان سے انکار کسی صورت درست نہیں۔ تعلیم کی کمی، صحت کی سہولیات کا فقدان، بے روزگاری، صاف پانی کی عدم دستیابی، [illegible]

دو الگ راستے ہیں۔ کسی علاقے کے مسائل کو بنیاد بنا کر عام شہریوں کی جان لینا، مزدوروں کو نشانہ بنانا، مسافروں کو خوف زدہ کرنا یا ترقیاتی کاموں کو نقصان پہنچانا کسی بھی صورت عوامی خدمت نہیں کہلا سکتا۔ اگر مقصد بلوچ عوام کی خوشحالی ہے تو پھر ایسے اقدامات کی وضاحت ضروری ہے جن سے سب سے زیادہ نقصان انہی عوام کو پہنچ رہا ہے۔ بی ایل اے اور بی ایل ایف کے نام پر ہونے والی مسلح کارروائیوں کے حوالے سے سب سے اہم سوال یہ ہے کہ آخر عام بلوچ شہریوں کا اس جنگ سے کیا تعلق ہے؟ ایک مزدور جو اپنے بچوں کے لیے روزی کمانے گھر سے نکلتا ہے، ایک استاد جو دور دراز علاقے میں بچوں کو تعلیم دینے جاتا ہے، ایک ڈاکٹر جو مریضوں کا علاج کرتا ہے، ایک انجینئر جو سڑک یا پل کی تعمیر میں مصروف ہے اور ایک طالب علم جو اپنے روشن مستقبل کے لیے سفر کرتا ہے، ان سب کا جرم کیا ہے؟ کیا ان کی زندگیوں کی کوئی اہمیت نہیں؟ کیا ان کے خاندانوں کے خوابوں کا کوئی احترام نہیں؟ کسی بھی نظریے یا سیاسی مؤقف کو انسانی جانوں سے زیادہ اہم قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اختلافِ رائے کا جواب دلیل سے دیا جاتا ہے، تشدد سے نہیں۔ کسی بھی مسلح گروہ کے دعووں کو اس کے نعروں کے بجائے اس کے عملی اقدامات، شہریوں پر اثرات اور انسانی حقوق کے احترام کی بنیاد پر پرکھنا چاہیے۔ بلوچستان کے نوجوان اس سرزمین کا سب سے قیمتی سرمایہ ہیں۔ ان کے پاس صلاحیت، ذہانت، محنت کا جذبہ اور دنیا میں آگے بڑھنے کی خواہش موجود ہے۔ آج دنیا مصنوعی ذہانت، جدید ٹیکنالوجی، سائنس، طب، انجینئرنگ اور ڈیجیٹل معیشت کے [illegible]

ٹاپ ہوگا تو دنیا کے ساتھ قدم ملا سکیں گے، ہنر ہوگا تو اپنے خاندان کی معاشی حالت بہتر بنا سکیں گے اور روزگار ملے گا تو اپنے علاقے کی ترقی میں کردار ادا کر سکیں گے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کو جذباتی نعروں سے زیادہ تعلیمی اداروں، جدید سہولیات، فنی تربیت، اسکالرشپس اور روزگار کے مواقع کی ضرورت ہے۔ ایک اور اہم حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل اور معاشی امکانات اس صوبے کے مستقبل کو بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ریکوڈک، سینڈک، گوادر، ساحلی پٹی، زراعت، لائیو اسٹاک اور معدنیات جیسے شعبے صوبے کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ لیکن اس ترقی کا حقیقی فائدہ اسی وقت عوام تک پہنچے گا جب مقامی آبادی کو فیصلہ سازی میں مناسب نمائندگی ملے گی، مقامی نوجوانوں کو روزگار دیا جائے گا، معاہدوں میں شفافیت ہوگی، وسائل سے حاصل ہونے والی آمدن کا منصفانہ استعمال ہوگا اور بنیادی سہولیات کو ترجیح دی جائے گی۔ بلوچستان کے عوام کو صرف بڑے منصوبوں کے اعلانات نہیں بلکہ عملی نتائج چاہئیں۔ انہیں اپنے علاقوں میں اسکول، کالج، یونیورسٹیاں، ہسپتال، سڑکیں، صاف پانی، بجلی اور روزگار چاہیے۔ ترقی کا اصل معیار یہ نہیں کہ کتنے منصوبوں کا اعلان ہوا بلکہ یہ ہے کہ کتنے عام خاندانوں کی زندگی بہتر ہوئی۔ اگر کسی مسلح گروہ کا دعویٰ عوامی حقوق کا تحفظ ہے تو پھر ترقیاتی منصوبوں سے وابستہ مزدوروں، انجینئروں، اساتذہ، مسافروں اور عام شہریوں کو نقصان پہنچانے سے عوام کو کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے؟ جب کسی علاقے میں خوف کی فضا پیدا ہوتی ہے تو کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں، [illegible]

نہیں جا پاتا اور ایک مزدور جو روزگار سے محروم ہو جاتا ہے، یہ سب اس تشدد کے انسانی اور معاشی نتائج ہیں۔ بلوچستان کے عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ایسے ہر عمل کے بارے میں سوال کریں جو ان کے مستقبل کو غیر یقینی بناتا ہے۔ بلوچستان کے قبائلی اور سماجی معاشرے کی اپنی روایات ہیں۔ یہاں مہمان نوازی، عزت، رواداری، بھائی چارہ اور اجتماعی احترام کو اہمیت حاصل ہے۔ بلوچ، پشتون، براہوی، ہزارہ اور دیگر برادریاں اس صوبے کی ثقافتی خوبصورتی کا حصہ ہیں۔ ان سب کے درمیان امن، اعتماد اور باہمی احترام کو مضبوط کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ کسی ایک قومیت یا علاقے کو دوسرے کے خلاف کھڑا کرنا، نفرت کو فروغ دینا اور اختلافات کو تشدد میں تبدیل کرنا معاشرتی ہم آہنگی کے لیے نقصان دہ ہے۔ بلوچستان کا مستقبل کسی ایک گروہ یا طبقے سے وابستہ نہیں بلکہ یہاں بسنے والے تمام شہریوں کے مشترکہ مفادات سے جڑا ہوا ہے۔ ریاست اور حکومت کی ذمہ داری بھی نہایت اہم ہے۔ بلوچستان میں پائیدار امن صرف سکیورٹی اقدامات سے قائم نہیں ہو سکتا بلکہ اس کے لیے عوامی اعتماد، انصاف، شفافیت اور بنیادی حقوق کا تحفظ ضروری ہے۔ اگر کسی شہری کو شکایت ہے تو اسے سنا جانا چاہیے، اگر کسی علاقے میں ترقیاتی منصوبہ رکا ہوا ہے تو اس کی وجوہات سامنے آنی چاہئیں، اگر کسی ادارے میں بدعنوانی ہے تو اس کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے اور اگر کسی شہری کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے تو اسے قانون کے مطابق انصاف ملنا چاہیے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ تعلیم، صحت، روزگار، پانی اور بنیادی سہولیات کے [illegible]

چاہتی ہے کہ اس کی بیٹی محفوظ ماحول میں تعلیم حاصل کرے، ڈاکٹر بنے، استاد بنے، کاروبار کرے اور معاشرے میں باعزت مقام حاصل کرے۔ خواتین کی تعلیم، صحت، تحفظ اور معاشی خودمختاری کے بغیر بلوچستان کی ترقی کا تصور نامکمل ہے۔ ہمیں ایسا تعلیمی اور سماجی ماحول تشکیل دینا ہوگا جہاں ہر بچی کو آگے بڑھنے کا موقع ملے اور ہر خاتون اپنی صلاحیتوں کے مطابق معاشرے میں کردار ادا کر سکے۔ میڈیا اور سوشل میڈیا پر بھی ایک بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ آج ایک خبر، تصویر یا ویڈیو چند لمحوں میں ہزاروں لوگوں تک پہنچ جاتی ہے۔ ایسے حالات میں غیر مصدقہ معلومات، نفرت انگیز مواد اور اشتعال انگیز بیانات معاشرے میں مزید تقسیم پیدا کر سکتے ہیں۔ صحافیوں اور سوشل میڈیا صارفین کو چاہیے کہ وہ کسی بھی واقعے کی معلومات کی تصدیق کریں، متاثرہ افراد کے احترام کا خیال رکھیں اور کسی بھی دعوے کو بلا تحقیق حقیقت کے طور پر پیش نہ کریں۔ بلوچستان کے مسائل پر کھل کر بات ہونی چاہیے، لیکن ایسی صحافت کو فروغ دینا ضروری ہے جو حقائق سامنے لائے، عوامی مسائل اجاگر کرے اور معاشرے میں مثبت مکالمے کو فروغ دے۔ آج بلوچستان کے نوجوانوں کے سامنے دو بنیادی راستے ہیں: ایک راستہ علم، ہنر، محنت، کاروبار، تعلیم اور مثبت سرگرمیوں کا ہے، جبکہ دوسرا تشدد، خوف اور غیر یقینی کا راستہ ہے۔ نوجوانوں کو سوچنا ہوگا کہ وہ اپنے بچوں اور آنے والی نسلوں کے لیے کیسا بلوچستان چھوڑنا چاہتے ہیں؟ کیا وہ چاہتے ہیں کہ ان کے بچے بھی انہی مسائل اور خوف میں زندگی گزاریں، یا وہ ایک ایسا معاشرہ دیکھنا چاہتے ہیں جہاں اسکول آباد ہوں، یونیورسٹیاں ترقی کریں، ہسپتال جدید ہوں، کاروبار کے مواقع بڑھیں اور نوجوان اپنی صلاحیتوں کے ذریعے دنیا میں اپنی شناخت بنائیں؟ بلوچستان کے نام پر بندوق اٹھانے والوں کو بھی یہ سوچنا ہوگا کہ آخر اس سرزمین کے عام شہریوں نے ان کا کیا بگاڑا ہے؟ ایک مزدور کا خواب صرف اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کمانا ہے، ایک طالب علم کا خواب تعلیم حاصل کرنا ہے، ایک کسان کی خواہش اپنی زمین سے بہتر پیداوار حاصل کرنا ہے اور ایک نوجوان کی امید باعزت روزگار ہے۔ ان لوگوں کو کسی جنگ کا ایندھن نہیں بننا چاہیے۔ بلوچستان کسی مسلح گروہ کی جاگیر نہیں، نہ ہی کسی کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ بندوق کے زور پر عوام کے مستقبل کا فیصلہ کرے۔ اسی طرح عوامی مسائل کو نظر انداز کرکے صرف طاقت کے ذریعے مستقل امن قائم کرنے کی کوشش بھی کافی نہیں ہوگی۔ اس صوبے کو انصاف، ترقی، مکالمے، آئینی حقوق اور عوامی اعتماد کی ضرورت ہے۔ جو بھی شخص یا ادارہ بلوچستان کی بہتری چاہتا ہے، اسے ان بنیادی ترجیحات کو اپنی عملی پالیسی کا حصہ بنانا ہوگا۔ آخر میں بلوچستان کے نوجوانوں، والدین، اساتذہ، قبائلی عمائدین، سیاسی رہنماؤں اور تمام باشعور شہریوں سے میرا ایک سوال ہے: کیا ہم اپنے بچوں کے ہاتھوں میں کتابیں دیکھنا چاہتے ہیں یا بندوقیں؟ کیا ہم اپنے شہروں میں اسکولوں کی گھنٹیاں سننا چاہتے ہیں یا خوف اور دھماکوں کی آوازیں؟ کیا ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے نوجوان دنیا کی بہترین یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کریں یا تشدد کے ایسے راستوں پر اپنی زندگیاں ضائع کریں جن کا انجام غیر یقینی ہو؟ ہمیں بلوچستان کے حقیقی مسائل پر بات بھی کرنی ہے، ان کے حل کے لیے آواز بھی اٹھانی ہے اور عوام کے حقوق کا تحفظ بھی کرنا ہے، لیکن اس کے لیے انسانی جانوں کی حرمت، قانون کی بالادستی اور پُرامن جدوجہد کو بنیادی اصول بنانا ہوگا۔ بلوچستان کو مزید نفرت نہیں، محبت چاہیے؛ مزید تصادم نہیں، مکالمہ چاہیے؛ مزید محرومی نہیں، ترقی چاہیے؛ مزید خوف نہیں، تحفظ چاہیے۔ ہمیں ایسا بلوچستان تعمیر کرنا ہے جہاں کوئی ماں اپنے بیٹے کے مستقبل سے خوف زدہ نہ ہو، کوئی باپ اپنے بچے کی سلامتی کے لیے پریشان نہ رہے، کوئی طالب علم تعلیم سے محروم نہ ہو اور کوئی نوجوان اپنے خوابوں کو حقیقت بنانے کے لیے اپنا گھر اور علاقہ چھوڑنے پر مجبور نہ ہو۔ یاد رکھیے! بلوچستان تمہاری جنگ کا میدان نہیں، ہمارے بچوں کا مستقبل ہے۔ اس مستقبل کو بندوق کی گولیوں سے نہیں، علم کے چراغوں، انصاف، امن اور ترقی سے روشن کرنا ہوگا۔

☆☆☆☆

(01) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں گوادر کے مختلف ترقیاتی منصوبوں، شہری مسائل اور عوامی سہولیات سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، چیئرمین تحصیل میونسپل کمیٹی ماجد جوہر اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔

بہت کچھ بولنا چاہتے ہیں، وزیر داخلہ موقع کی مناسبت سے اور بہت کچھ بھی کہیں گے، مولانا کے پارٹی کے لوگوں سے وضاحتیں آ رہی ہیں، مولانا فضل الرحمان خود وضاحت دیں گے تو بات کہیں ٹھہر سکتی ہے۔ وزیر مملکت داخلہ نے کہا کہ دہشتگرد کو دہشتگرد کہنا پڑے گا دہشتگردوں کی مذمت اور ان کیخلاف کارروائیوں میں انہیں ہمارے ساتھ کھڑا ہونا پڑیگا، ہماری صرف یہی شرط ہے کہ [illegible]

نکاسی آب کے لیے تقریباً 30 کلومیٹر سیوریج لائنز، 23 کلومیٹر ڈرینج لائنز اور سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس کے منصوبے شامل ہیں۔

(30) انہوں نے کہا کہ انجینئر محبوب بلوچ کے ساتھ محکمانہ امور میں تعاون اور ادارے کی بہتری کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رہیں [illegible]

شیڈول کے مطابق کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچی۔ پرواز نے مسافروں کو اتارنے کے بعد تقریباً ایک بجے کے قریب شارجہ کے لیے دوبارہ روانہ ہونا تھا،

(25) سنجیدہ بیانات کا سہارا لینا اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ دلیل اور [illegible]

[illegible]

(01)

کی۔ڈی جی آئی ایس پی آر کی آمد پر مختلف جامعات کے طلبہ کی جانب سے ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا، اس موقع پر شریک طلبہ کی جانب سے ڈی جی آئی ایس پی آر کو روایتی پختون پگڑی اور چادر بھی پہنائی گئی۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے طلبہ کے ساتھ ملکی سکیورٹی صورتحال اور علاقائی چیلنجز پر تفصیلی گفتگو کی، جبکہ خصوصی سیشن میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے طلبہ کے سوالات کے مفصل اور مدلل جوابات دیئے۔طلبہ نے پاک فوج کے شانہ بشانہ رہنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں دہشتگردی کے خاتمے اور سکیورٹی کے حوالے سے پاک فوج کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، اس نشست میں ہمیں سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال اور پراپیگنڈا وارفیئر کے اصل حقائق سے آگاہ کیا گیا ہے۔

(02)

باقاعدہ منظوری دے دی جس کا اطلاق تعلیمی سال 2027-28 سے ہوگا۔نئے نصاب کا نفاذ اسلام آباد سمیت ملک بھر کے وفاقی تعلیمی اداروں میں کیا جائے گا، جبکہ ابتدائی بچپن کی تعلیم سے پانچویں جماعت تک کے طلبہ اس نصاب کے تحت تعلیم حاصل کریں گے۔قومی نصاب میں اردو، انگریزی اور ریاضی کو بنیادی مضامین کے طور پر شامل کیا گیا ہے، جبکہ ابتدائی جماعتوں میں صحت وجسمانی تعلیم اور آرٹس بھی نصاب کا حصہ ہوں گے۔پہلی سے پانچویں جماعت تک انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم بھی دی جائے گی، نئے نصاب کے تحت پہلی سے تیسری جماعت تک ورلڈ اراؤنڈ کے مضامین شامل ہوں گے، جبکہ چوتھی اور پانچویں جماعت میں سماجی علوم اور سائنس پڑھائی جائے گی وفاقی وزارت تعلیم نے پنجاب سمیت تمام صوبوں کو نئے قومی نصاب پر عملدرآمد کیلئے نوٹیفکیشن ارسال کردیا ہے،قومی نصاب پاکستان 2026 پاکستان نیشنل کریکولم کونسل کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوگا۔

(03)

کا اضافہ ہوا۔دیامر بھاشا ڈیم پی سی ون 479 ارب سے 1121 ارب تک جا پہنچا، غیر ملکی کرنسی کے تبادلے کی شرح میں تبدیلی سے پی سی ون کی رقم بڑھ گئی، نیا پی سی ون وزارت آبی وسائل میں جمع کروایا گیا ہے۔داسو ہائیڈرو پاور کی پروجیکٹ کاسٹ 486 ارب سے بڑھ کر ایک ہزار 740 ارب تک جا پہنچی، داسو ہائیڈرو پاور منصوبے کی لاگت میں 260 فیصد اضافہ ہوا۔

(04)

موجود تھے۔اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھمی نے بتایا کہ ان کے دفتر کو موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق ہیلی کاپٹر حادثہ جوشی مت کے علاقے میں قریبی گاؤں میں پیش آیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ، ڈیزاسٹر مینجمنٹ ٹیموں اور علاقے میں موجود فوجیوں کی جانب سے مشترکہ طور پر امدادی کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ جائے وقوع پر امدادی کارروائیاں جاری ہیں تاہم ہیلی کاپٹر پر سوار افراد کی حالت کے حوالے سے واضح اطلاعات نہیں ہیں۔بی بی سی کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ ہیلی کاپٹر حادثے کی حتمی وجوہات کا تعین نہیں کیا جاسکا تاہم علاقے میں شدید بارش اور حدنگاہ متاثرہ ہو رہی ہے اور اسی دوران یہ حادثہ پیش آیا ہے۔بھارتی ٹی وی چینلز کے مطابق امدادی ٹیموں کو جائے وقوع کی طرف بھیج دیا گیا ہے جہاں آگ اور دھوئیں کے بادل نظر آرہے ہیں۔

(05)

پر بتائی جا چکی ہیں۔انہوں نے کہا کہ دباؤ ڈالنے اور لالچ دینے کی پالیسی کا ایران پر کوئی اثر نہیں ہوگا، مذاکرات میں پیشرفت صرف اسی صورت ممکن ہے جب ایران کی سات شرائط تسلیم کی جائیں۔یاد رہے کہ ایران نے امریکا کے ساتھ جنگ ختم کرنے کے لیے جو سات شرائط پیش کی تھیں، ان میں امریکی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ، منجمد ایرانی اثاثوں کی بحالی اور لبنان میں اسرائیلی جنگ کے خاتمے سمیت دیگر شامل ہیں۔

(06)

ہوں گے، کمیٹی میں نشستوں کی تقسیم ایوان میں جماعتوں کی عددی تناسب کے تحت ہوگی، کمیٹی کی تشکیل کا مقصد انتخابی نظام میں بہتری، شفافیت اور اصلاحات کے لیے پارلیمانی سطح پر مشاورت اور اتفاق رائے کو فروغ دینا ہے۔ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ انتخابی اصلاحات کے عمل میں اپوزیشن سمیت تمام پارلیمانی جماعتوں کی مثبت، تعمیری اور قابل عمل تجاویز کو مناسب اہمیت دی جائے، تاکہ ایک ایسا انتخابی نظام تشکیل دیا جا سکے جو شفافیت، اعتماد اور جمہوری اقدار کو مزید مضبوط بنائے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ انتخابی اصلاحات کسی ایک جماعت کا نہیں بلکہ جمہوری نظام کو مضبوط بنانے کا مشترکہ قومی معاملہ ہیں، اس مقصد کے حصول کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو باہمی مشاورت اور قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے اپنا موثر کردار ادا کرنا چاہیے۔

(07)

مطابق ملاقات میں وفاقی وزیر نے پاکستان اور سعودی عرب کی دیرینہ سٹریٹجک شراکت داری کا خیرمقدم کیا اور بتایا کہ ریاض کے حالیہ دورے کے دوران انہوں نے ولی عہد شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان السعود کو پاکستانی قیادت کی جانب سے سعودی عوام کے لیے یکجہتی اور محبت کے خصوصی جذبات پہنچائے تھے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے تاریخی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور سٹریٹجک شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاکستان نے ٹیکس نیوٹرل بانڈڈ سٹوریج پالیسی کی منظوری دے دی ہے، پالیسی کے تحت سعودی کمپنیوں کو تجارتی بنیادوں پر تیل کے ذخائر قائم کرنے کی پیشکش کی ہے۔پاکستان میں تیل ذخیرہ کرنے کی سہولیات سے سعودی عرب کو آبنائے ہرمز اور آبنائے باب المندب سے منسلک بحری ترسیل کے خطرات میں تنوع لانے اور ایشیائی منڈیوں تک رسائی میں مدد ملے گی۔وفاقی وزیر پٹرولیم نے کہا کہ حب بلوچستان میں بڑے پٹرولیم سٹوریج اور ریفائننگ کمپلیکس کے قیام سے متعلق آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز کی معاونت سے تیار کی جانے والی اس مجوزہ سہولت میں خام تیل بردار بہت بڑے بحری جہازوں کو لنگرانداز ہونے کی سہولت فراہم کی جائے گی اور یہ وسطی ایشیائی اور چینی منڈیوں کو خدمات فراہم کرنے والی علاقائی توانائی راہداری کے طور پر پاکستان کی صلاحیت کو مستحکم بنائے گی۔

(08)

وزیراعلیٰ بلوچستان کی وژنری قیادت اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی گڈ گورننس کا آئینہ دار ہے۔انتظامیہ کی اس مخلصانہ کوشش پر عوام الناس حکومت سے انتہائی مطمئن ہیں اور اظہار تشکر کر رہے ہیں۔ڈپٹی کمشنر قلات کا کہنا تھا کہ انتظامی وسرکاری محکموں کے افسران عوام الناس کو سروس ڈیلیوری یقینی بنائیں تاکہ انتظامیہ عوامی مسائل حل کی جانب بہتر اقدامات جاری رکھ سکے

(09)

نے ڈویژنل کمشنر قائم خان لاشاری اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اسفندیار خان کاکڑ کو ضلع برشور میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور اور ضلعی انتظامیہ کی مجموعی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی، دورے کے دوران معزز مہمانوں نے ڈپٹی کمشنر کے عارضی کمپلیکس میں کیے گئے انتظامی اقدامات اور مختلف دفاتر کا تفصیلی معائنہ کیا اور انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا، بعد ازاں، انہوں نے ڈی سی کمپلیکس کے میٹنگ ہال میں تمام لائن ڈپارٹمنٹس کے آفسران کے ساتھ ایک اہم تعارفی اجلاس میں شرکت کی، جہاں تمام محکموں کے سربراہان نے اپنے اپنے محکمے کی کارکردگی اور مسائل سے آگاہ کیا، ڈویژنل کمشنر اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال برشور اور علاقے کے مختلف اسکولوں کا بھی دورہ کیا، انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور عملے کی حاضری کا جائزہ لیا، جبکہ اسکولوں کے دورے کے دوران تعلیمی معیار، اساتذہ کی حاضری اور بنیادی ڈھانچے کا معائنہ کیا، بعد ازاں، انہوں نے ضلع میں جاری دیگر مختلف ترقیاتی اسکیموں کا موقع پر معائنہ کیا اور کام کے معیار کا جائزہ لیا، ڈویژنل کمشنر اور پارلیمانی سیکرٹری نے ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے برشور کی پسماندگی دور کرنے اور اسے ایک ترقی یافتہ ضلع بنانے کے پختہ عزم کا اعادہ کیا، قائم خان لاشاری اور اسفندیار خان کاکڑ نے عوامی شکایات کے فوری آزالے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہریوں کے تواتر سے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی آفسران کی اولین ترجیح ہونا چاہیے، انہوں نے متعلقہ حکام کو سخت ہدایات جاری کیں کہ تمام جاری منصوبوں کو شفافیت کے ساتھ مقررہ وقت پر مکمل کیا جائے تاکہ عوام ان کے حقیقی ثمرات سے مستفید ہوسکیں۔

(10)

بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کی اطلاعات کے بعد سامنے آیا۔اس پیش رفت نے خطے میں جاری کشیدگی کے دوران عالمی تیل کی ترسیل اور سپلائی کو لاحق خطرات ایک بار پھر نمایاں کر دیے ہیں۔رپورٹ کے مطابق امریکی اور اسرائیلی تنازع ایران کے ساتھ آٹھویں ماہ میں داخل ہو رہا ہے، جبکہ آبنائے ہرمز میں پیش آنے والے واقعات نے عالمی توانائی منڈی میں تشویش بڑھا دی ہے۔برینٹ خام تیل کے دسمبر کے سودوں کی قیمت میں 1.20 ڈالر یعنی 1.04 فیصد اضافہ ہوا، جس کے بعد یہ 116.08 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی۔اسی طرح امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) خام تیل کی قیمت بھی 1.37 ڈالر یعنی 1.34 فیصد اضافے کے بعد 103.37 ڈالر فی بیرل ریکارڈ کی گئی۔ماہانہ بنیاد پر برینٹ خام تیل کی قیمت میں تقریباً 11 فیصد اضافے کا امکان ہے، جبکہ ڈبلیو ٹی آئی کی قیمت اس ماہ تقریباً 14 فیصد بڑھنے کی جانب گامزن ہے۔آبنائے ہرمز عالمی سطح پر تیل کی ترسیل کا ایک اہم بحری راستہ ہے۔اس علاقے میں کسی بھی قسم کی سکیورٹی کشیدگی یا بحری آمدورفت میں رکاوٹ عالمی منڈی میں تیل کی سپلائی اور قیمتوں کو متاثر کر سکتی ہے۔

(11)

ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال بارکھان کا اچانک دورہ کیا اور ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر ماجد خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔دورے کے دوران انہوں نے مریضوں سے ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔انہوں نے طبی عملے سے بھی ملاقات کی اور ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، علاج معالجے کی سہولیات اور سروس کی بہتری سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ڈاکٹر مہردین کھیتران نے ویکسین فرنج، ادویات کے اسٹاک، نیوٹریشن سینٹر اور ڈائیلاسز وارڈ کا خصوصی معائنہ کیا اور متعلقہ عملے سے دستیاب سہولیات، ادویات کی فراہمی اور انتظامی امور کے بارے میں بریفنگ لی۔اس موقع پر انہوں نے ہدایت کی کہ ہسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو بروقت معیاری علاج کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

(12)

اور ساؤتھ ڈیرہ بگٹی میں انسداد پولیو مہم کے دوران مجموعی طور پر تقریباً ایک لاکھ 42 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔مہم ڈویژن کی 64 یونین کونسلز میں جاری رہے گی، جس کے لیے محکمہ صحت کی ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے اس موقع پر علمائے کرام، قبائلی معتبرین، والدین اور معاشرے کے تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اپنے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنانا قومی فریضہ ہے۔کمشنر نے مزید کہا کہ مہم کے دوران پولیو ٹیموں کی حفاظت اور مؤثر انداز میں فرائض کی انجام دہی کے لیے سکیورٹی کے بہترین انتظامات کیے جائیں گے تاکہ تمام علاقوں میں مہم کو بلاتعطل جاری رکھتے ہوئے مقررہ ہدف حاصل کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق پولیو سے پاک بلوچستان اور صحت مند مستقبل کی تشکیل کے لیے انسداد پولیو مہم کو مؤثر اور کامیاب بنانا حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔

(13)

نے کارروائی کرتے ہوئے مفرور ملزم نصیب احمد کو گرفتار کر لیا۔ایس پی کینٹ عثمان عزیز میر کے مطابق بچوں اور خواتین کے خلاف جنسی جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، جنسی جرائم میں ملوث ملزمان کے لیے کوئی رعایت نہیں۔

(14)

، پٹواری اور محکمہ مال کے دیگر اہلکار بھی ان کے ہمراہ تھے۔دورے کے دوران پروجیکٹ ڈائریکٹر رازق مندوخیل نے ڈپٹی کمشنر کو ماڈل بازار اور سڑک کی تعمیر وترقی کے حوالے سے جاری کاموں، منصوبے کی پیش رفت، درپیش مشکلات اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر نے موقع پر مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سعید الرحمٰن کاکڑ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں میں

...

خیرمقدم کیا اور انہیں خطے کی اقتصادی وصنعتی ترقی، تعلیمی اداروں اور پاکستان کے ساتھ تعاون کے ممکنہ شعبوں کے بارے میں آگاہ کیا۔مذاکرات کے دوران خطہ وروِنیو کی مضبوط زرعی اور صنعتی بنیادوں، اور پاکستان کے ساتھ تجارت کو وسعت دینے کی صلاحیتوں پر روشنی ڈالی گئی۔زرعی پیداوار، فوڈ

کردار ادا کرنے کے خواب دیکھنے کے بجائے پہلے اپنے ملک کے داخلی بحرانوں بدامنی اور عوام کو درپیش مسائل کا جواب دینا چاہیے۔سیاست محض بیانات دعوں اور اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھنے کا نام نہیں بلکہ یہ عوام کے سامنے جواب دہی اور عملی کارکردگی کا تقاضا کرتی ہے۔

ضلع لکی مروت کے علاقے شہباز خیل میں موٹرسائیکل پر سوار نامعلوم مسلح افراد نے پولیس کانسٹیبل کو نشانہ بناتے ہوئے اندھا دھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار موقع پر ہی شہید ہوگئے۔پولیس حکام کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اہلکاروں نے فوری کارروائی

آج نائیک نے کہا کہ ایمرجنسی میں بیٹی بنانا غیر آئینی ہے، کیا پیپلز پارٹی اس کے خلاف کوئی قرارداد لائے گی۔انہوں نے کہا کہ عمران خان کی بہنوں کو رہا کیا جائے، ارباب شیر علی کے ساتھ ہونے والا واقعہ بہت تشویشناک ہے، ہمارے رہنما کہاں ہیں کس قانون کے تحت رکھا گیا ہے۔

F.NO.3/1/2023-ADMN-II
GOVERNMENT OF PAKISTAN
CABINET SECRETARIAT ESTABLISHMENT DIVISION

URAAN PAKISTAN

******

JOB OPPORTUNITIES

Establishment Division (Main) Islamabad invites applications from candidates fulfilling the required criteria to fill-up ONE post of Assistant (BS-15) under 6% Balochistan Quota, the detail of which is as under: -

Sr. No.	Designation and BPS of the post	No of Vacancies	Qualification/ Experience	Age Limit	
				Minimum	Maximum
1	Assistant (BS-15)	One (Balochistan Quota)	Graduate 6 weeks basic IT Training Course (including MS Office conducted by NITB, during the probation period)	18	28**

Terms & Conditions

1. The recruitment will be done at doorstep (at Districts level) with help of newly established employment cells in districts of Balochistan as a special case to ensure recruitment of residents.
2. All Recruitment to be done by Walk-in interview (No Entry & Written Test).
3. **Upper Age Relaxation of 5 years instead of existing 3 years; in addition to 5 years general age relaxation.
4. The candidates having Balochistan Domiciles who fulfil the prescribed qualification /experience mentioned against the post may apply through National Job Portal www.njp.gov.pk within (15) days from the publication of advertisement.
5. Those who are already in service must apply "Through Proper Channel".
6. Establishment Division (Main) reserves the right to cancel / reduce or enhance the number of posts at any time.
7. Incomplete applications or those which are received after due date will not be entertained.
8. Female and Disabled candidates are encouraged to apply.
9. No TA/DA will be admissible to appear for Test/Interview.

PID(I)4011/26

(Shoukat Ali Khan) Deputy Secretary(Admn-I)
Government of Pakistan, Cabinet Secretariat,
Establishment Division, Islamabad. Ph: 051-9209372

ملک میں پولیو وائرس کا خطرہ تاحال موجود ہے، مصطفیٰ کمال

ہر بچے کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے گا، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی قومی ترجیح ہے اور ہر بچے کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے گا۔ پاکستان میں پولیو وائرس کا خطرہ تاحال موجود ہے، اس لیے اس موذی مرض کے مکمل خاتمے تک قومی (باقی صفحہ 3 نمبر46)

حوثیوں کا مکہ کی جانب داغا گیا ڈرون فضا میں تباہ کر دیا، اتحادی فوج

یمنی فوج کا 24 گھنٹوں میں 982 کارروائیوں میں 324 حوثی جنگجوؤں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

ریاض، صنعا (جی این ایم) سعودی اتحادی فوج کے ترجمان نے کہاہیکہ حوثیوں کا مکہ کی جانب داغا گیا ڈرون فضا میں تباہ کر دیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی اتحادی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثی باغیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ کی سمت بھیجا گیا ایک ڈرون فضائی کارروائی کے دوران تباہ کر دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سعودی اتحادی فوج (باقی صفحہ 3 نمبر44)



کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ گورنمنٹ انٹر کالج سنجاوی کے پرنسپل محمد طیب کو طلباء کیلئے منظور شدہ بس کی چابی حوالے کر رہے ہیں

عمران خان کی بہنوں کو رہا کیا جائے، اسد قیصر

فاروق ایچ نائیک نے ایمرجنسی میں کمیٹی بنانا غیر آئینی قرار دیا' کیا پیپلز پارٹی اس کیخلاف کوئی قرارداد لائے گی

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ عمران خان کی بہنوں کو رہا کیا جائے۔ جمعہ کے روز قومی اسمبلی میں اسد قیصر نے اظہار خیال کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر42)

فتنہ الہندوستان کے سہولت کاروں کا دہشت گرد عناصر سے لاتعلقی کا اعلان، ریاست سے وفاداری کا عہد

اپنے ملک پاکستان سے غداری اور دہشت گردوں کا ساتھ دینے پر بہت شرمندہ ہیں، پریس کانفرنس

کوئٹہ (جی این ایم) فتنہ الہندوستان کو چھوڑ کر قومی دھارے میں شامل ہونے والے محمد سہیل بہرام اور محمد عرف مہروان نے اعتراف جرم کرتے ہوئے ریاست سے وفاداری کا عہد کر لیا۔ تربت کے رہائشی محمد سہیل اور محمد عرف مہروان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے اعتراف (باقی صفحہ 3 نمبر41)

گوادر میں مالداروں کے لیے مفت ویٹرنری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

زیارت مچھی اور گردونواح میں سینکڑوں مویشیوں کا مفت علاج اور حفاظتی ویکسینیشن

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور ضلعی انتظامیہ کی خصوصی تعاون سے محکمہ امور حیوانات گوادر کی جانب سے ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر ڈاکٹر صابر علی کی نگرانی میں زیارت مچھی اور گردونواح کے علاقوں میں مفت ویٹرنری موبائل میڈیکل کیمپ کا (باقی صفحہ 3 نمبر40)

2 نومبر سے شروع ہونے والی انسدادِ پولیو مہم کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل

علما، اساتذہ اور قبائلی عمائدین بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے آگاہی پھیلائیں، پولیو کا خاتمہ مشترکہ قومی فریضہ ہے، ڈی سی سبی

سبی (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے والدین، علما کرام، قبائلی عمائدین، اساتذہ کرام اور معاشرے کے تمام باشعور افراد سے اپیل کی ہے کہ 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون یقینی بنائیں تاکہ ضلع بھر کے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے (باقی صفحہ 3 نمبر38)

4 سال سے پولیو کا کوئی نیا کیس رپورٹ نہ ہونا حکومت اور ورکرز کی انتھک محنت کا ثمر ہے، سلیم کھوسو

پولیو کے پائیدار اور مکمل انسداد کے لیے تمام تر وسائل بلا دریغ فراہم کیے جائیں گے، پی پی ایچ آئی تقریب سے صوبائی وزیر کا خطاب

صحبت پور (جی این ایم) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات اور مسلم لیگ (ن) کے صوبائی پارلیمانی لیڈر سلیم احمد کھوسو نے کہا ہے کہ صحبت پور سمیت پورے صوبے میں پولیو وائرس کا ایک بھی کیس سامنے نہ آنا صوبائی و وفاقی حکومت کی مؤثر پالیسیوں اور محکمہ صحت کے ورکرز کی بے مثال محنت کا نتیجہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کونسل ہال صحبت پور میں پی پی ایچ آئی (PPHI) کے زیر اہتمام منعقدہ پولیو سینڈ پروگرام کی تقریب سے بطور خاص خطاب کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر35)



کوئٹہ، انصاف لائرز فورم بلوچستان کے جنرل سیکرٹری عبدالحکیم زرین ایڈووکیٹ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اصغر خان اچکزئی کی حراست پر شدید تشویش، 6 نومبر کو آل پارٹیز کانفرنس کا اعلان

اصغر خان کو جعلی مقدمے میں قید رکھا گیا ہے، عدم تشدد کی پالیسی پر عمل پیرا رہتے ہوئے جدوجہد جاری رکھیں گے، جمال الدین رشتیا

کوئٹہ (جی این ایم) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی و صوبائی قائدین نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو گزشتہ دو ہفتوں سے من گھڑت اور جعلی مقدمے میں حراست میں رکھنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما جمال الدین رشتیاو (باقی صفحہ 3 نمبر33)

پارلیمنٹ میں قائدِ جمعیت کے خلاف غیر پارلیمانی زبان کے استعمال پر جے یو آئی کی شدید مذمت

حکومتی وزرا اپنی نااہلی چھپانے کے لیے الزام تراشیوں اور نمائشی بیانات کا سہارا لے رہے ہیں، شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد اور دیگر رہنماں نے سینیٹ اور قومی اسمبلی میں حکومتی وزرا اور درباری ٹولہ کی جانب سے قائدِ جمعیت کے خلاف بازاری زبان کے استعمال اور بے بنیاد الزام تراشیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر31)

مریم نواز پتھر کے دور میں واپس لے جانا چاہتی ہے، لطیف کھوسہ

مریم بی بی کی بات لاقانونیت کو جنم دینے کے مترادف، ان کا ذہنی توازن مجھے نہیں لگتا ٹھیک ہے

لاہور (جی این ایم) پی ٹی آئی رہنما اور سینئر قانون دان سردار لطیف کھوسہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بیان پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا طرزِ بیان معاشرے میں لاقانونیت اور انتہا پسندی کو فروغ دینے کا باعث بن سکتا ہے۔ مریم نواز کو اپنے موقف پر نظر ثانی کرنی چاہیے، کیونکہ کسی بھی شخص کو قانون اپنے ہاتھ میں لینے کا اختیار نہیں دیا جا سکتا۔ ایک انٹرویو (باقی صفحہ 3 نمبر30)

پاکستانی سفیر کا خطہ ورونیژ کا پہلا دورہ، مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے راستے ہموار

مختلف روسی خطوں کے ساتھ پاکستان کے روابط کو وسعت دینے کی جانب ایک اہم پیش رفت

ماسکو (جی این ایم) روسی فیڈریشن میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی خطہ ورونیژ کا دورہ کرنے والے پہلے پاکستانی سفیر بن گئے ہیں۔ یہ دورہ روسی فیڈریشن کے مختلف خطوں کے ساتھ پاکستان کے روابط کو وسعت دینے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ اعلامیے کے مطابق اپنے سرکاری دورے کے دوران، سفیر فیصل نیاز ترمذی نے خطہ ورونیژ کے گورنر، جناب الیگزینڈر گو (باقی صفحہ 3 نمبر29)




کوئٹہ، پبلک ہیلتھ سکول کوئٹہ کے زیر اہتمام ہیلپنگ ہینڈ آرگنائزیشن کے تعاون سے بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی سیشن کے موقع پر پبلک ہیلتھ سکول کی پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل کیک کاٹ رہی ہیں

سکردو میں غیرت کے نام پر میاں بیوی 2 بچوں سمیت قتل

سکردو (جی این ایم) سکردو شہر کے علاقے مدینہ کالونی کے عقب میں دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا ہے، جہاں میاں بیوی اور ان کے دو کمسن بچوں کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتولین میں 35 سالہ اسلم، ان کی 30 سالہ اہلیہ ہانیہ اور پانچ سالہ اور ڈھائی سالہ دو (باقی صفحہ 3 نمبر45)

وزیراعلیٰ بلوچستان کوہلو کے انتظامی وسیاسی امور میں مداخلت بند کریں، ن لیگ کا شدید ردِعمل

کوہلو (جی این ایم) ترجمان پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع کوہلو نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ چند روز قبل رکن صوبائی اسمبلی کوہلو نواب جنگیز خان مری نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ضلع کوہلو کے سیاسی، انتظامی اور ترقیاتی معاملات میں مسلسل مداخلت پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا تھا، جس کے بعد گزشتہ روز نصیب اللہ مری کی جانب سے پریس کانفرنس کرنا (باقی صفحہ 3 نمبر43)


کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا ینگ لائرز فورم کے وکلاء کے ساتھ گروپ فوٹو

ایران کی 7 شرائط تسلیم کرنے کے بعد ہی امریکا کیساتھ مذاکرات ممکن ہے، باقر قالیباف

دباؤ ڈالنے اور لالچ دینے کی پالیسی کا ایران پر کوئی اثر نہیں ہوگا، سپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (جی این ایم) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ مذاکرات میں پیشرفت کے لیے تہران کی 7 شرائط تسلیم کرنا ہی واحد راستہ ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں قالیباف نے کہا کہ ایران کی شرائط ثالثوں کو بارہا اور واضح طور (باقی صفحہ 3 نمبر5)

ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں کمی، حکومت کو اربوں روپے کا ٹیکہ لگ گئی

اسلام آباد (جی این ایم) ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں کمی ہوئی جب کہ روپے کی بے قدری حکومت کو اربوں روپے کا ٹیکہ لگا گئی۔ وزارت آبی وسائل نے تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دیں، دیامیر بھاشا ڈیم کے پی سی ون کی لاگت میں 642 ارب (باقی صفحہ 3 نمبر3)

بھارت؛ اتراکھنڈ میں ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، 6 افراد کی ہلاکت کا خدشہ

نئی دہلی (جی این ایم) بھارت کی ریاست اتراکھنڈ کے پہاڑی علاقوں میں ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہو گیا اور 6 افراد لاپتا ہو گئے ہیں، جن کے ہلاک ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ہیلی کاپٹر بدری ناتھ میں پہاڑی میں واقع ہندوؤں کے معروف مذہبی مقام سے دیہرادون کی طرف پر پرواز کر رہا تھا، جس میں پائلٹ اور 5 مسافر (باقی صفحہ 3 نمبر4)

ڈی جی آئی ایس پی آر کا دورہ پشاور، طلبہ کیساتھ خصوصی نشست

خصوصی سیشن میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے طلبہ کے سوالات کے مفصل اور مدلل جوابات دیئے

پشاور (جی این ایم) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے یونیورسٹی طلبہ اور فیکلٹی ممبران کیساتھ خصوصی نشست (باقی صفحہ 3 نمبر1)

سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کیلئے نیا قومی نصاب منظور

وفاقی وزارت تعلیم نے قومی نصاب پاکستان 2026 کی باقاعدہ منظوری دے دی

اسلام آباد (جی این ایم) سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کیلئے نیا قومی نصاب متعارف کرانے کی منظوری دے دی گئی۔ وفاقی وزارت تعلیم نے قومی نصاب پاکستان 2026 کی (باقی صفحہ 3 نمبر2)


اسلام آباد: نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار سے سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوان بالا کرشنن ملاقات کر رہے ہیں

قومی اسمبلی سے انتخابی اصلاحاتی کمیٹی منظور، نوٹیفکیشن جلد جاری ہوگا، طارق فضل

مجوزہ کمیٹی 30 ارکان پر مشتمل ہوگی، قومی اسمبلی سے 20 سینیٹ سے 10 اراکین شامل ہوں گے

کمیٹی میں نشستوں کی تقسیم ایوان میں جماعتوں کی عددی تناسب کے تحت ہوگی' وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی سے الیکشن ریفارمز کمیٹی کی تشکیل کی منظوری دی جا چکی ہے، جس کے بعد اسپیکر قومی اسمبلی جلد کمیٹی کے قیام کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کریں گے۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا کہ کمیٹی کے اراکین کے ناموں کو حتمی شکل دینے کا عمل ابھی باقی ہے، قومی اسمبلی میں جب موشن پیش کی گئی تو تحریک انصاف نے اس کی مخالفت نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ کمیٹی 30 ارکان پر مشتمل ہوگی، جس میں قومی اسمبلی سے 20 جبکہ سینیٹ سے 10 اراکین شامل (باقی صفحہ 3 نمبر6)

وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے سعودی سفیر کی ملاقات

کان کنی، پٹرولیم اور توانائی کے شعبوں میں تعاون اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے سعودی عرب کے نوتعینات سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی الیقمی نے ملاقات کی جس میں کان کنی، پٹرولیم اور توانائی کے شعبوں بشمول سٹریٹجک آئل سٹوریج، ریفائنری اپ گریڈیشن، ایل پی جی کی فراہمی اور تجارتی روابط میں سہولت کاری اور دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے (باقی صفحہ 3 نمبر7)


اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء، پولیس سروس آف پاکستان اور نیشنل اکاؤنٹیبلیٹی بیورو کے افسران میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان کا اچانک دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ

ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر مہر دین کھیتران کی ادویات، ویکسین فریج اور ڈائیلاسز وارڈ کا معائنہ

بارکھان (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کوہ سلیمان ڈویژن کا ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان کا اچانک دورہ، طبی سہولیات اور انتظامی امور کا جائزہ ہوز یراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے سلسلے میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کوہ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر مہر دین کھیتران نے ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 3 نمبر11)

سیوی ڈویژن میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز

تین اضلاع میں ایک لاکھ 42 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر

سیوی (خ ن) کمشنر سیوی ڈویژن عرفان اللہ خان نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ڈویژن بھر میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے بھی بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے اور مہم کے آغاز میں حصہ لیا۔ اس موقع پر کمشنر عرفان اللہ خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیوی ڈویژن کے تینوں اضلاع سیوی، کچھی (باقی صفحہ 3 نمبر12)

سیوی میں انسداد پولیو مہم کے لیے 225 موبائل ٹیمیں تشکیل

ڈپٹی کمشنر الیاس کبزئی کی مہم میں سو فیصد کوریج یقینی بنانے کی ہدایت

سیوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت انسدادِ پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت، عالمی ادارہ صحت (WHO)، آئی ایس ڈی (ISD)، آغا خان یونیورسٹی (AKU) سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران اور نمائندوں (باقی صفحہ 3 نمبر16)

سنجاوی انٹر کالج کے طلباء کے لیے صوبائی وزیر کی کوششوں سے بس منظور

طلباء کو محفوظ سفری سہولت فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر کمیونٹی مجنمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی کاوشوں اور گورنمنٹ آف بلوچستان کے تعاون سے گورنمنٹ انٹر کالج سنجاوی کے طلباء کی سفری سہولت کیلئے بس منظور کر لی گئی۔ اس سلسلے میں ایک تقریب کے (باقی صفحہ 3 نمبر19)

سینیٹ میں سرحدی تجارت کی بحالی اور 30 ہزار وفاقی ملازمتوں کا اعلان خوش آئند ہے، جان محمد بلیدی

وفاقی ملازمتوں اور بارڈر بزنس کو وزرا کی کرپشن اور ٹوکن مافیا کے اثر و رسوخ سے محفوظ رکھا جائے، نیشنل پارٹی رہنما کا اظہار خیال

کوئٹہ، اسلام آباد (جی این ایم) نیشنل پارٹی کے پارلیمانی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے سینٹ میں توجہ دلا نوٹس پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان میں سرحدی تجارت کو بحال کرنے کا فیصلہ انتہائی قابل تحسین ہے انھوں نے کہا کہ شہید لفٹیننٹ جنرل سرفراز احمد نے آئی جی ایف سی کی حیثیت سے مکران میں بے روزگاری ختم کرنے (باقی صفحہ 3 نمبر20)

کوئٹہ، جے یو آئی بلوچستان کا اہم مشترکہ اجلاس یکم نومبر کو طلب

صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع صدارت کریں گے، صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی اراکین شرکت کریں گے

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے جے یو آئی کی صوبائی مجلس عاملہ اور صوبائی اسمبلی کے پارلیمانی اراکین کا ایک اہم مشترکہ اجلاس یکم نومبر کو صبح 10 بجے طلب کر لیا ہے۔ ترجمان کے مطابق یہ مشترکہ اجلاس کوئٹہ کے علاقے (باقی صفحہ 3 نمبر23)



کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی قائمقام صدر جمال الدین رشتیا، مابت کاکا، انجینئر زمرک خان اچکزئی، ملک امان اللہ، عبیداللہ عابد اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کی تعداد 90 لاکھ تک پہنچ گئی

2024 کے دوران پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کے 88 ہزار سے زائد نئے کیسز سامنے آئے' رپورٹ میں انکشاف

اسلام آباد (جی این ایم) وزارتِ قومی صحت نے ہیپاٹائٹس سے متعلق رپورٹ قومی اسمبلی میں پیش کر دی، جس کے مطابق پاکستان ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کی تعداد کے لحاظ سے دنیا میں سرفہرست ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کی تعداد 90 لاکھ تک پہنچ چکی ہے، جبکہ 38 لاکھ 60 ہزار سے زائد افراد ہیپاٹائٹس بی کا شکار ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں ایک کروڑ 29 لاکھ افراد ہیپاٹائٹس بی یا سی میں مبتلا ہیں جبکہ (باقی صفحہ 3 نمبر25)

آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکرز بارودی سرنگوں کا نشانہ بن گئے، تیل کی میں بڑا اضافہ

نیویارک (جی این ایم) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے اور تیل کی قیمتیں مسلسل چوتھے ماہ اضافے کی جانب بڑھ رہی ہیں۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق جمعے کو تیل کی قیمتوں میں تازہ اضافہ آبنائے ہرمز میں متعدد آئل ٹینکرز کے مبینہ طور پر (باقی صفحہ 3 نمبر10)

ٹک ٹاک کا جھانسہ دے کر بچے کے ساتھ مبینہ جنسی زیادتی، ملزم گرفتار

لاہور (جی این ایم) ڈیفنس بی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بچے کو ٹک ٹاک کا جھانسہ دے کر مبینہ زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نصیب احمد چند روز قبل درج ہونے والے زیادتی کے مقدمے میں پولیس کو مطلوب تھا۔ ڈیفنس بی پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر13)

پرائیویٹ حج پیکجز کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش

اسلام آباد (جی این ایم) وزارت مذہبی امور نے پرائیویٹ حج پیکجز کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دی۔ وزارت مذہبی امور نے پرائیویٹ حج سکیم کے تحت مجموعی طور پر 16 پیکجز متعارف کروائے، جن میں پرائیویٹ حج سکیم (باقی صفحہ 3 نمبر15)

ایران کے ایٹمی پروگرام پر نئی بحث، سپریم لیڈر سے ایٹم بم کی تیاری کی منظوری مانگ لی گئی

تہران (جی این ایم) ایران کے ایک رکن پارلیمنٹ محمود نبویان نے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ملک میں ایٹم بم تیار کرنے کی اجازت دیں۔ ان کا کہنا ہے کہ انہوں نے یہ تجویز شہر قم میں ہونے والے ایک اجتماع (باقی صفحہ 3 نمبر18)

امریکی فوج میں اجتماعی قبریں کھودنے کی ٹریننگ شروع، ہولناک جنگ کا خطرہ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا میں ایک غیر معمولی فوجی مشق کے دوران بڑی تعداد میں ہلاک ہونے والے فوجیوں کی عارضی تدفین کے لیے اجتماعی قبریں کھودنے کی تربیت دی جا رہی ہے۔ امریکی فوج کے مطابق یہ مشق تقریباً سات دہائیوں بعد اس نوعیت کی بڑے پیمانے کی تیاریوں میں سے ایک ہے، جس کا مقصد مستقبل کی شدید (باقی صفحہ 3 نمبر21)

قلات میں خواتین کے مسائل کے حل کے لیے ڈپٹی کمشنر کے انقلابی اقدامات

خالق آباد کی خواتین کے لیے کھلی کچہری، ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری کی درخواستوں پر فوری کارروائی

قلات (خ ن) انجینئر عائشہ زہری کی بطور ڈپٹی کمشنر تعیناتی کے بعد عوامی مسائل کے حل کے لیے انقلابی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ خواتین سائلین اب بلا خوف وخطر انتظامی افسران کے دفاتر کا رخ کر رہی ہیں، جہاں ڈپٹی کمشنران کی درخواستوں پر فوری ایکشن لیتے ہوئے احکامات جاری کر رہی ہیں۔ گزشتہ دنوں خالق آباد کی خواتین کے لیے منعقدہ کھلی کچہری (باقی صفحہ 3 نمبر8)

کمشنر پشین کا برشور کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

برشور کو ترقی یافتہ ضلع بنانے کے عزم کا اعادہ، ہسپتالوں، اسکولوں اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ

برشور (خ ن) کمشنر پشین ڈویژن قائم خان لاشاری نے نوٹیفائیڈ ضلع برشور کا ایک اہم اور تفصیلی دورہ کیا۔ ضلع آمد پر ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے ان کا شاندار استقبال کیا، اس موقع پر صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اربن پلاننگ و چیئرمین کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیو ڈی اے) اسفند یار خان کاکڑ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر برشور (باقی صفحہ 3 نمبر9)

رکھنی ماڈل بازار کی تعمیراتی کاموں میں تیزی لانے کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر بارکھان کا ترقیاتی منصوبے کا معائنہ، معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے کا حکم

بارکھان/رکھنی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن "خوشحال بلوچستان" اور حکومت بلوچستان کی عوام دوست پالیسیوں کے تحت ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ نے رکھنی ماڈل بازار کا دورہ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رکھنی، پروجیکٹ ڈائریکٹر رازق مندوخیل، ایکسین محکمہ مواصلات و تعمیرات محمد فضل، تحصیلدار (باقی صفحہ 3 نمبر14)

جعفر آباد میں خریف فصلوں کی گردآوری شفاف بنانے کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر خالد خان کا مختلف علاقوں کا دورہ، سرکاری واجبات کی وصولی یقینی بنانے پر زور

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا ہے کہ خریف سیزن کی گردآوری کا عمل نہایت اہمیت کا حامل ہے، اس لیے متعلقہ افسران اس عمل کو شفاف، مؤثر اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کریں اور سرکاری واجبات کی وصولی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خریف سیزن کی گردآوری کے سلسلے میں ضلع جعفر آباد کے مختلف علاقوں کے دورے (باقی صفحہ 3 نمبر17)


ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے افتتاح کے موقع پر فنگر مارکنگ کر رہے ہیں

امریکا اور بوسنیا میں 3 ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، 7 افراد ہلاک، متعدد زخمی

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا اور بوسنیا میں 3 ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہو گئے جس کے نتیجے میں 7 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی ریاست اوریگن میں دو ہیلی کاپٹر فضا میں ٹکرا گئے۔ حادثے میں 3 افراد ہلاک ہو گئے۔ دونوں ہیلی کاپٹر تصادم (باقی صفحہ 3 نمبر39)

لکی مروت اور باجوڑ میں دو پولیس اہلکار شہید' جوابی کارروائی میں دو حملہ آور ہلاک

لکی مروت/باجوڑ (جی این ایم) لکی مروت اور باجوڑ میں دہشت گردی کے واقعات میں دو پولیس اہلکار شہید جوابی کارروائی میں دو حملہ آور ہلاک ہو گیا۔ لکی مروت اور باجوڑ میں فائرنگ کے دو الگ الگ واقعات کے دوران دو پولیس اہلکاروں نے جامِ شہادت نوش کر لیا، جبکہ لکی (باقی صفحہ 3 نمبر37)

جماعت اسلامی نے نہر خیام پر جاری متنازع تعمیرات کو سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا

کراچی (جی این ایم) جماعت اسلامی نے کلفٹن میں نہر خیام پر جاری متنازع تعمیرات کو سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا۔ درخواست بلدیہ عظمیٰ کراچی میں اپوزیشن لیڈر سیف الدین ایڈووکیٹ و دیگر کی جانب سے دائر کی گئی (باقی صفحہ 3 نمبر36)

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آج آخری تاریخ، تمام ٹیکس دفاترات 8 بجے تک کھلے رہیں گے

اسلام آباد (جی این ایم) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آج 31 اکتوبر (ہفتہ) آخری تاریخ ہے۔ اس سلسلے میں ایف بی آر کے تمام بڑے ٹیکس دفاتر میں کام کے اوقات بڑھا دیئے گئے۔ جاری اعلامیے کے مطابق ایف بی آر (باقی صفحہ 3 نمبر34)

پرائیوٹ حج سکیم کے تحت اکانومی پیکج 14 لاکھ سے ساڑھے 17 لاکھ روپے مقرر

اسلام آباد (جی این ایم) وزارت مذہبی امور نے پرائیویٹ حج پیکجز کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دی۔ وزارت مذہبی امور نے پرائیویٹ حج سکیم کے تحت مجموعی طور پر 16 پیکجز متعارف کروائے، جن میں پرائیویٹ حج سکیم کے تحت اکانومی پیکج 14 لاکھ سے ساڑھے 17 لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے۔ وزارت مذہبی (باقی صفحہ 3 نمبر32)

پیپلز پارٹی کی اپوزیشن کو انتخابی اصلاحات کمیٹی میں شرکت کی دعوت

اپوزیشن رہنماؤں نے کہا کہ ہم مشاورت کرکے آپ کو جواب دیں گے، ہمیں امید ہے وہ ہماری تجاویز کا مثبت جواب دیں گے

اپوزیشن رہنماؤں نے ہماری بات جذبہ خیرسگالی سے سنی اور مشاورت کے بعد جواب دینے کا کہا ہے، شیری رحمان

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی نے اپوزیشن کو انتخابی اصلاحات کمیٹی میں شرکت کی دعوت دے دی۔ اپوزیشن وفد سے ہونے والی ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ ہم اپنے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر اپوزیشن وفد سے ملنے گئے، ہم نے اپوزیشن سے کہا کہ دونوں ایوانوں کی جوائنٹ الیکٹورل ریفارمز کی کمیٹیاں بن رہی ہیں اس میں تمام جماعتیں اپنی شمولیت یقینی بنائیں۔ شیری رحمان نے کہا کہ اپوزیشن اس کمیٹی میں لازمی اپنا فعال کردار ادا کرے اور اپنے تحفظات کا کھل کر اظہار کرے، کمیٹیاں پارلیمانی امور کا دل ہوتی ہیں اس میں اگر وہ غیر حاضر ہوں تو ان کے تحفظات کو کیسے دور کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہر دور کے اپنے چیلینجز ہوتے ہیں ہمارا تو کہنا ہے کہ وہ ہر اسٹینڈنگ کمیٹی میں (باقی صفحہ 3 نمبر24)

اوستہ محمد، ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق، 9 افراد زخمی، دو کی حالت تشویشناک

گنداخہ (جی این ایم) سون واہ کے مقام پر کار اور رکشے کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 9 افراد زخمی ہو گئے۔ حادثے کے باعث علاقے میں تشویش کی فضا پھیل گئی۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 نمبر28)

آزاد کشمیر، باغ میں گھر میں دھماکے سے 3 خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق، بچی زخمی

وزیراعظم آزاد کشمیر کا حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

مظفر آباد (جی این ایم) آزاد کشمیر کے ضلع باغ کے جنوبی علاقہ پنڈی کے ایک گھر میں دھماکے سے 3 خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق اور ایک لڑکی شدید زخمی ہو گئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جنوبی باغ کے گاؤں پنڈی میں شکدر نامی شخص کے گھر میں ہونے والے دھماکے میں اس کی 80 سال کی والدہ، 40 سال کی بیوی شازیہ، 11 سال کا بیٹا حارث اور 8 سال (باقی صفحہ 3 نمبر27)

ایران سے عراق جانے کا واحد زمینی راستہ تاحال بند ہے زائرین نوٹ کر لیں، مذہبی امور

اسلام آباد (جی این ایم) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ ایران سے عراق جانے کا واحد زمینی راستہ الشیب بارڈر بند ہے، پاکستانی زائرین نوٹ کر لیں۔ اپنے بیان میں ترجمان وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ زائرین کے (باقی صفحہ 3 نمبر26)


کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لینڈ ایویلوایشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں